مولانا عبد القیوم حقانی





المسامرہ شرح المسایرہ مع شرح الشانی (عربی) تصنیف :۔ کمال بن ابی شریف ، علامہ کمال الدین بن ہمام ، علامہ قاسم بن قطلوبغا حنفی صفحات ۷۶۴ ۔ قیمت ۶۰ روپے ۔ پتہ :۔ دار المعارف الاسلامیہ آسیا آباد ۔ مکران ۔ (بلوچستان)

مسایرہ فی العقائد المنجیہ فی الآخرۃ ۔ علامہ کمال الدین بن الہمام (متوفی ۸۶۱ھ) کی تصنیف ہے ۔ علامہ ابن الہمام فقہ حنفی کے نہایت ہی نامور محقق اور متبحر علامہ ہیں ۔ تفسیر ، حدیث ، فقہ ، کلام منطق اور جدل ومناظرے میں یکتائے روزگار تھے ۔ فتح القدیر مرحوم کی عظمت اور جلالت علم کا منہ بولتا ثبوت ہے ۔ " المسایرہ " موصوف کی عقائد میں مشہور تالیف ہے ۔ صاحب کشف الظنون نے اس کے پس منظر میں لکھا ہے کہ اولاً موصوف نے امام غزالی کے رسالہ " القدسیہ " کی تلخیص لکھنے کا ارادہ کیا تھا اور جب کام شروع کیا تو " المسایرہ " کے نام سے مستقل تصنیف تحریر فرمائی ۔ جس میں مقدمہ کے بعد ارکان اربعہ بیان فرمائے ۔ رکن اول میں ذات باری تعالیٰ ۔ رکن ثانی میں اللہ تعالیٰ کی صفات ، رکن ثالث میں افعال اور رکن رابع میں صدق الرسول ؐ اور ہر رکن کے تحت دس دس اصول تحریر فرمائے ہیں ۔ اور خاتمہ میں ایمان و اسلام کے مباحث آگئے ہیں ۔

کتاب کی اہمیت و ضرورت کے پیش نظر اولاً علامہ کمال بن ابو شریف (متوفی ۹۰۵ھ) نے اس کی عربی شرح " المسامرہ شرح المسایرہ " کے نام سے تحریر فرمائی ۔ اس کے بعد شیخ قاسم بن قطلو نما نے اس کی مزید توضیح و تشریح کی ۔ زیر تبصرہ کتاب اصل متن اور دونوں شروحات کا مجموعہ ہے ۔ مولانا احتشام الحق آسیا آبادی کے ضبط و تصحیح اور محنت و لگن سے یہ اہم علمی سوغات بھی عمدہ طباعت کے ساتھ منظر عام پر آگئی ہے ۔ اہل علم اور تحقیقی و دینی حلقے اس کی قدر کریں گے ۔

الاجماع تصنیف :۔ امام ابوبکر ابن المنذرؒ ۔ صفحات ۱۹۶ ۔ قیمت ۴۸ روپے ۔
پتہ :۔ دائرۃ المعارف الاسلامیہ ۔ آسیا آباد ۔ مکران ۔ بلوچستان

امام ابوبکر محمد بن ابراہیم النیسابوری الشافعیؒ المتوفی ۳۱۸ھ ۔ حدیث ، فقہ ، تفسیر اور قرأت کے امام ہیں ۔ فقیہہ مکہ اور شیخ الحرم کے لقب سے موصوف تھے ۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ابن المنذر کی امامت فن اور جلالت